"سلمان میرے پاس تمہیں اپنی محبت کا یقین دلانے کا اب ایک آخری طریقہ رہ گیا ہے۔ اس کے بعد بھی اگر تمہیں میری محبت پر یقین نہ آیا تو میری روح ہمیشہ بیقرار رہے گی" یہ کہتے ہی وہ بجلی کی سی تیزی سے کمرے کا دروازہ کھول کر باہر کی طرف بھاگی۔ سلمان اتنے خوفناک طوفان میں اُسے جاتا دیکھ کر تڑپ اٹھا اُس کے پیچھے بھاگا۔ ڈاک بنگلے کی سیڑھیاں ختم ہوتے ہی پہاڑ کی گہری ڈھلوان تھی۔ نیچے ہزاروں فٹ کے نشیب میں دریائے سوات اپنی طوفانی موجوں کے ساتھ بہہ رہا تھا۔ ڈاک بنگلے سے باہر نکل کر اس نے گھٹا ٹوپ اندھیرے میں آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھا لیکن صبیحہ کہیں نظر نہیں آئی۔ ہوا کے تند و تیز تھپیڑوں نے بڑے بڑے درختوں کو جڑ سے اکھاڑ دیا تھا۔ ایک نازک اندام دبلی پتلی لڑکی کی ان کے سامنے کیا حیثیت تھی۔ طوفان تھم جانے کے بعد وہ پوری رات اندھیرے میں صبیحہ کو تلاش کرتا پھرا۔ حلق پھاڑ پھاڑ کر اسے آوازیں دیں مگر جواب میں اُسے دریا کی طوفانی لہروں کا شور سنائی دیا جیسے وہ کہہ رہی ہوں صبیحہ وفا' محبت اور سچائی کی ایک دیوی تھی۔ وہ تم جیسے تنگ نظر اور کم ظرف انسان کے لائق نہ تھی۔ اب وہ ہماری نرم اور گداز آغوش میں آرام کر رہی ہے۔ صبیحہ کو تلاش کرتے اور اسے پکارتے پکارتے وہ پاگل ہو گیا تھا۔ ڈاک بنگلے کے چوکیدار نے اس کے گھر والوں کو تار دے کر بلایا تھا اور وہ اسے لے کر واپس شہر چلے گئے تھے۔ ایک سال بعد محبت اور وفا کی دیوی صبیحہ کو خراجِ عقیدت پیش کرنے آج وہ پھر اسی جگہ آیا تھا۔۔۔ آج پھر ویسی ہی خوفناک طوفانی رات تھی مگر صبیحہ اس کے پاس نہ تھی۔ وہ اکیلا ڈاک بنگلے میں ایک آرام کرسی پر بیٹھا اس وفا کی دیوی کی یادوں میں گم تھا۔

یکایک اس ... باہر ... آواز ...

"... میرا انتظار کیوں نہیں چھوڑ دیتے"

"... میں ... "

... چلایا۔

اس نے آنکھیں بند کر کے اپنا سر آرام کرسی پر چھوڑ دیا

"... صبیحہ کی روح میری تلاش میں ہو گی" وہ آہستہ سے بڑبڑایا۔ اس نے آواز دی تھی "اب میں پکار رہا ہوں ... جواب دوں گی" ...

صبیحہ! صبیحہ! صبیحہ!

مگر اس کی آواز ہواؤں کی جھنجھناہٹ میں دب کر رہ گئی اسے محسوس ہوا جیسے فضا میں رقص کرتے آندھی کے جھکڑ اس کا مذاق اڑا رہے ہوں۔ پھر اُسے لگا جیسے دور موت کی وادی کے اس پار سے کوئی اس کی بزدلی پر قہقہے لگا رہا ہو۔ اس کی بے غیرتی پر طعن کر رہا ہو۔

اسے لگا جیسے اس کے جسم کا پورا خون اس کے سر میں جمع ہو گیا ہو' گرم گرم خون' اس کے قدم خود بخود دروازے کی طرف بڑھنے لگے۔

وادی میں ہر طرف صبیحہ! صبیحہ کی آوازیں ابھریں۔ بادل ایک دفعہ گرج کر خوب برسا اور پھر ہر طرف سناٹا چھا گیا' جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔

●●●

Financial Management Services

1. Instalment Savings Plans — a proven way of accumulating specific sums of money over a period of years.
2. Single Payment Certificates — with guaranteed investment values.
3. A Balanced Mutual Fund — Investors Mutual of Canada Ltd., Canada's largest mutual fund. Emphasizes reasonable income, stability and capital gain potential.
4. A Mutual Fund For Growth—Investors Growth Fund of Canada Ltd., emphasizes long-term capital gain.
5. Tax-Deductible Registered Retirement Plans — fixed interest, equity and balanced plans for individuals and groups.

Find out about the many Investors Syndicate plans available to you

Contact your Investors Man

M. LATEEF QWAISI

Suite 380, 10 Wynford Heights ...
Business: 445 0600, Residence: 690-1590

Investors SYNDICATE LIMITED

Or mail this coupon

NAME

ADDRESS

CITY/TOWN

البانیہ بنگلہ دیش کو کبھی تسلیم نہیں کرے گا : مسٹر تیلی

پاکستان اور البانیہ کے درمیان ثقافتی معاہدے پر دستخط ہو گئے

اسلام آباد ۱۷ اپریل (اپ پ) البانیہ کے نائب وزیر خارجہ مسٹر تیلی نے پاکستان کے پانچ روزہ دورے پر پہنچ کر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ البانیہ بنگلہ دیش کو کبھی تسلیم نہیں کرے گا کیونکہ البانیہ کے نزدیک بنگلہ دیش بھارت کی توسیع پسندی کی پیداوار ہے۔ البانیہ کے نائب وزیر خارجہ جب اسلام آباد کے ہوائی اڈہ پر پہنچے تو پاکستان کے سیکرٹری امور خارجہ مسٹر عزیز احمد وزارت خارجہ کے افسران پاکستان میں مقیم چین کے سفیر اور کئی سفارت خانوں کے اعلیٰ افسران نے ان کا استقبال کیا۔ البانیہ کے نائب وزیر خارجہ نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ کسی ملک کی خود مختاری کا فیصلہ کسی غیر ملکی مداخلت کے بغیر اس کے عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش غیر ملکی طاقت کی جارحیت کے نتیجے کے طور پر وجود میں آیا ہے۔ مسٹر عزیز احمد نے البانیہ کی طرف سے پاکستان کے جائز موقف کی حمایت کرنے پر حکومت پاکستان کی طرف سے شکریہ ادا کیا۔ وہ البانیہ کے نائب وزیر خارجہ کے اعزاز میں دی گئی دعوت طعام میں تقریر کر رہے تھے۔ مسٹر عزیز احمد نے کہا کہ پاکستان کے عوام کے دلوں میں البانیہ کے عوام کے لئے بے پناہ محبت ہے۔



ایشیا میں ملک پہلی بار عوام کے اقتدار اعلیٰ کی ضمانت دی گئی ہے

فوج کی طرف سے مبارک اور صدر بھٹو کا اظہار تشکر

راولپنڈی ... (اپ پ) صدر پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے بری فوج کے چیف آف سٹاف کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے فوج کے تمام طبقوں کی طرف سے ... [illegible]

... فوج کے تمام طبقوں کی پوری حمایت کا اظہار کرتے ... [illegible]

جنرل ٹکا خاں نے صدر بھٹو کو فوج کے تمام طبقوں کی طرف سے ... صدر کی انتھک کوششوں کی تعریف کی اور اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ ان کی ... [illegible]

لیبیا پاکستان میں سرمایہ کاری کا بنک قائم کرے گا

کراچی ۱۷ اپریل (اپ پ) لیبیا کے بنکاروں کا ایک وفد ... عرب بنک آف لیبیا کے چیئرمین ... پاکستان کے دس دن کے دورے پر پہنچ رہا ہے۔ ایک سرکاری اعلان میں کہا گیا ہے کہ ... سٹیٹ بنک آف پاکستان اور وزارت خزانہ و اقتصادی امور ... کے ساتھ پاکستان میں لیبیا کا سرمایہ کاری کا ایک بنک قائم کرنے کے منصوبے پر گفت و شنید کریں گے۔ کراچی میں ایک دن قیام ... کے بعد یہ وفد اسلام آباد روانہ ہو جائے گا جہاں وہ وزیر خزانہ ڈاکٹر مبشر حسن اور وزارت ... کے اقتصادی شعبے کے اعلیٰ حکام کے ساتھ مذاکرات کرے گا۔

البانیہ اور پاکستان کے مابین ثقافتی معاہدہ

نائب وزیر خارجہ البانیہ چھ دن کے دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد ۱۷ اپریل (اپ پ) البانیہ کے نائب وزیر خارجہ مسٹر تیلی کل پاکستان کے چھ روزہ دورے پر اسلام آباد پہنچ رہے ہیں۔ آپ البانیہ اور پاکستان کے مابین ثقافتی معاہدے پر دستخط ثبت کریں گے اور منگل کے روز صدر بھٹو سے ملاقات کریں گے۔ یاد رہے کہ پاکستان اور البانیہ کے باہمی تعلقات ہمیشہ خوشگوار اور دوستانہ رہے ہیں۔ البانیہ مسئلہ کشمیر کے سلسلے میں پاکستان کی حمایت کرتا رہا ہے اور اس نے بنگلہ دیش کے وجود کو اب تک تسلیم نہیں کیا۔ آپ ... کی شام کو لاہور جائیں گے۔ پیر کے روز منگلا ڈیم دیکھنے جائیں گے اور بدھ کے روز استنبول کے راستے البانیہ کے دارالحکومت تیرانہ روانہ ہو جائیں گے۔

بھارتی اسلحہ ساز فیکٹریوں میں میزائل بنائے جائیں گے

نئی دہلی ۱۷ اپریل (رپورٹر) ... بھارت کے وفاعی پیداوار کے نائب وزیر ... نے پارلیمنٹ میں ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ بھارت کی اسلحہ ساز فیکٹریوں میں میزائلوں کی تیاری کا کام جاری ہے ... اور دو سال ... [illegible]

پاکستان ہتھیار کیوں جمع کر رہا ہے ہم تو کبھی اس کیلئے خطرہ نہیں تھے

پراگ ۱۷ اپریل (سٹیکا اپ پ) مسز اندرا گاندھی نے اپنی نام نہاد امن پسندی کا ایک بار پھر ڈھنڈورا پیٹتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت گزشتہ ۲۵ برس کے دوران پاکستان کے ساتھ امن سے رہ رہا ہے اور پاکستان کے لئے ہرگز خطرہ نہیں تھا لیکن پاکستان نے برصغیر کو درپیش مسائل کے تصفیہ کے لئے ابھی تک کوئی قدم نہیں اٹھایا۔ "رائٹی سیادا" پراودا" کو ایک انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے اس امر پر حیرت ظاہر کی کہ پاکستان اپنے دفاع کو مضبوط بنا رہا ہے۔ انہوں نے کہا مجھے یقین ہے کہ بھارت اور پاکستان کے باہمی مسائل ... کے حل ... [illegible]

Ali Baba

welcomes you to Niagara Falls, Canada with his traditional oriental hospitality. Ali Baba's cuisine of the Orient presents to you from the tables of Shaikhs, Khans, Pashas, Maharajas and the sultans of the Orient Shish Kebabs, Steaks, Chicken Tandoori, Sea Foods, Vegetarian Foods at their best, and many other delicious curried foods. Also selected American and Canadian dishes.

Ali Baba International Restaurant - Dinig Lounge

"ASIA HOUSE" — Center Street, Niagara Falls, Canada. Tel. 354-6933 & 356-8785

OPEN ALL NIGHT 7 DAYS - A - WEEK

H. W.
Super Market
Please Shop Your
GROCERY
AT 272 DUPONT ST.
923-3939

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔



پاکستانی باسمتی چاول
دال ماش اور مونگ دھلی ہری اور کابلی چنا
دال چنا، ماش، مونگ، مسور
مرچ، ہلدی
آٹا، بوری

لہسن ادرک کدو کیلے

AFRO-ASIAN
918 PAPE AVE, TORONTO
call at 463-1287.

Heykal stresses Pakistan's role in Arab defence

RAWALPINDI, April 12: 'Al Ahram' Editor Hassanein Heykal says Pakistan is of extreme importance to Arab strategy planners, specially Egyptian, and deserves to be given greater attention and a profound analysis.

The statement came in an article entitled "Bhutto and Pakistan" appearing in the Friday issue of "Al Ahram".

Mr. Heykal also said: "When I took leave of President Bhutto I left him with the impression that here was a living example of a man who could take big decisions. We have to wait and see how he solves the many important issues which would confront him in the present circumstances".

About his talks with President Bhutto, Heykal said: 'President Bhutto admitted (the late President Jamal Abdel Nasser's influence and told me that he had often gone to see him to talk about his troubles and worries. Abdel Nasser had always listened patiently and encouraged him. Egypt's experiment was very important for Pakistan. Pakistan supported Egypt not because Pakistanis were Muslims like Egyptians but because the Egyptians deserved this support.

'President Bhutto said he would never try to evade his responsibility but he was saddened by the tragic turn of events in Pakistan. He wished Sheikh Mujibur Rehman had co-operated towards restoring the unity of Pakistan.

Arab mediation

"The Pakistani President asked me why Egypt did not intervene to settle the crisis. Why did not the Arab countries try? Were not they the closest nation to the Pakistanis? He wanted the Arabs to tell the Bengalis that Pakistan had an interest in maintaining the strongest relations with Muslim Bengal but that there were issues which had to be settled.'

"Al Ahram" editor said: "With the secession of East Bengal Pakistan has eventually become one of the Middle East countries. This leads us to expect that Pakistan would figure more actively in the affairs and conflicts of the Middle East."

Giving his impressions of the reception he received on his arrival in Karachi, the veteran Egyptian journalist said: 'When I arrived in Karachi I found myself in the midst of a national uproar caused by statements I had made in a lecture at Jawaharlal Nehru University in India. I had stated that I could not conceive of any party assuming a neutral attitude in regard to what had happened in Bangladesh.

"The Pakistan Press, Radio and Television were behind the angry uproar which confronted me. Yet in spite of this, the official treatment accorded to me was exaggeratively courteous. I was treated as a guest of honour by order of President Bhutto. But this, I protested, gave me the uneasy feeling as though I was no longer a journalist.

Albania supports Pakistan because its cause is just—Malile

RAWALPINDI, April 14: The visiting Albanian Vice-Foreign Minister, Mr. Reis Malile, said today his country supported Pakistan on Kashmir and against Indian aggression because this country's cause was just.

'We always support our friends on their right and just causes', he said while speaking at a luncheon given him by the Minister of State for Defence and Foreign Affairs, Mr. Aziz Ahmed at a local hotel.

Therefore, Mr. Malile said, in 'supporting you we have in fact supported ourselves....It is our duty to support just causes'.

The Albanian Vice-Foreign Minister said he regarded his present visit to Pakistan as a 'new contribution to the development of our relations'. He said he was very happy to come to 'friendly Pakistan'. The Albanian people, he said, had great respect and regard for the Pakistani people.

Indian supplied currency to B.D. demonetised

DACCA, April 12: Bangladesh is calling in thousands of millions of currency notes supplied by India because of widespread counterfeiting and the resultant inflation, the Finanme Ministry said here today.

A senior Ministry official said that as a result of unabated forgery and tampering of the currency by a group of clandestine operators the notes will cease to be legal tender as of May 1.—Reuter.

subscription
for one year $5
Send cheque's to
the Sada-i-Pakistan.
P.O.Box.303.Station 'D' Toron

Name: ....

Address: ....

SUBSCRIBER SERVICE

ATTACH LABEL HERE

change of address
If you're moving, please let us know three weeks before changing your address. Place magazine address label here, print your new address below. If you have a question about your subscription, place your magazine address label here and clip this form to your letter.

to subscribe, mail this form with your payment, and check: ☐ new subscription ☐ renew my present subscription.

subscription rates:
☐ 1 year
Rates in $11.50 States & Canada
☐ Payment enclosed ☐ Bill me later

N.D.G. LICENSED GROCERIES

5345-SHERBROOK ST. WEST, MONTREAL
TEL. 481-3034

مونٹریال میں حلال گوشت کی پہلی دوکان

آپ کی اپنی دوکان جہاں آپ کی پسند اور مزاج کا خیال رکھا جاتا ہے، تازہ پان، سبزیاں، دالیں اور مصالحہ جات، تازہ گوشت

بھی دستیاب ہے — آپ ہول سیل بیوپاری ہیں؟ ہر قسم کا گروسری کا سامان اور تازہ سبزیاں خریدنے کے لئے تشریف لائیے اور پیسے بچائیے

ہمیں فون کیجئے، فاصلہ ہمارے لئے کوئی اہمیت نہیں رکھتا،

ہم آپ کو بہت کم وقت میں تازہ سبزیاں ڈیلیور کر سکتے ہیں!

PLEASE VISIT US FOR

FREE TRAVEL ADVICE

Masalas; Condiment; Rice & Dals

HALAL MEAT NOW AVAILABLE

حلال گوشت اور مرغیاں

INDO-PAKISTAN TRADING LTD.

936 Pape Ave. **461-5575**

صدائے پاکستان

[illegible]

[illegible]

آئین اور قومی کردار

[illegible] جوش و خروش [illegible] یوم آئین [illegible] ہے کہ [illegible] ہر سال کچھ اسلامی تہوار بھی مناتے ہیں اور کچھ قومی دن بھی ہمارا ہر مذہبی تہوار اور قومی دن ایک عظیم مقصد کی یاد اور اس مقصد کے لئے مسلسل سعی و جہد کا پیغام اپنے ساتھ لاتا ہے۔ ہم تہوار اور قومی دن تو پورے جوش و خروش کے ساتھ مناتے ہیں لیکن نہ مقصد کا کچھ شعور بیدار ہوتا ہے اور نہ ہی جس کے لئے کچھ کر گزرنے کا جذبہ بلکہ سال بھر انفرادی و اجتماعی طور پر وہ سارے کام کئے جاتے ہیں جو دینی اور قومی مقاصد کو نقصان پہنچانے والے ہوں۔

ہمارے قومی کردار کی یہی وہ بنیادی خامی ہے جس کی بنا پر مذکورہ بالا اندیشے کا اظہار کیا گیا ہے۔ اب اگر کردار کی یہ خامی بدستور باقی رہی تو ایک اچھا آئین بھی قوم کو پستی کی گہرائیوں سے نکال کر ترقی کی بلندیوں پر نہیں پہنچا سکتا۔ اس لئے انفرادی اور اجتماعی دونوں حیثیتوں سے قومی کردار کی اس خامی کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے قومی کردار میں اس بڑی خامی اور نقص کا سبب وہ رسہ کشی بھی جو قوم کی قیادتوں، قومی مقاصد اور حکومت و حکمرانوں کے درمیان مسلسل کشمکش اور تضاد کی صورت میں موجود رہی۔ قوم مشرق کی جانب جانا چاہتی تھی لیکن اکثر برسرِ اقتدار لوگ خائف تھے جو ملک کی گاڑی کو مغرب کی طرف لے جانا چاہتے تھے۔ اس تضاد نے ایک طرف قومی وسائل اور حکومت کی طاقت کو قومی مقاصد کی تکمیل کے لئے پوری طرح استعمال نہیں ہونے دیا اور دوسری طرف ایسا قومی کردار پیدا نہ ہو سکا جو قومی مقاصد سے پوری طرح ہم آہنگ ہو۔

ایک اسلامی، جمہوری دستور کے نفاذ میں تاخیر، جمہوریت کے خلاف افسر شاہی اور آمر حکمرانوں کی سازشوں، اور دس سال تک شخصی حکومت اور ایک ایسے دستور کے نفاذ نے جسے عوام کی حمایت حاصل نہیں تھی نہ صرف ہمارے قومی کردار کو تضاد، بے عملی اور انتشار سے دوچار بنایا بلکہ ہمارے پچیس سال ضائع کر دیئے اور بالآخر ملک کو دو ٹکڑے کر دیا۔ ایک قوم کی زندگی میں پچیس سال کا عرصہ بہت زیادہ اور بڑا قیمتی ہوتا ہے۔ یہ ایک بہت بڑا نقصان ہے جس سے ہم بحیثیت ایک قوم کے دوچار ہوئے ہیں۔ اب اس نقصان کی تلافی اور زیادہ تیز رفتاری کے ساتھ پیشقدمی کے لئے قومی کردار کو قومی مقاصد سے پوری طرح ہم آہنگ بنانا نہایت ضروری ہے۔ اس سلسلے میں [illegible] سہولت یہ حاصل ہو گئی ہے کہ ملک کا نیا آئین قوم کی امنگوں کے مطابق ہے اور اس آئین کے ساتھ عوام ایک [illegible] رکھتے ہیں۔

اس طرح [illegible] کا کام بھی آسان ہو گیا ہے۔ قومی مقاصد [illegible] کی صورت میں منضبط ہو چکے ہیں [illegible] کی طرف بڑھنا چاہتی ہے [illegible] منزل کی طرف سب سے پہلا قائد اعظم نے [illegible]

تھے اور جن کے لئے پاکستان وجود میں آیا تھا [illegible] کے بعد اب سارا انحصار اس بات پر ہے کہ قوم کے [illegible] اور قوم کے [illegible] سے [illegible] کرتے ہیں۔ قومی [illegible] اور حکومت کی طاقت کو استعمال کر کے راستے کی [illegible] کرتے ہیں اور قوم کو [illegible] منزل سے قریب کرتے ہیں۔ بہرحال ہمارے [illegible] عوام انہیں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیئے کہ پاکستان کو ایک اسلامی اور جمہوری ملک قرار دے کر ہم نے ایک بڑا بھاری بوجھ اپنے شانوں پر اٹھا لیا ہے۔ اب ہم پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ہم اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی کو اسلام اور جمہوریت کے اصولوں پر تعمیر کریں اور اس ملک کو ایک مثالی نظریاتی ملک بنائیں۔ اسے معاشی انصاف اور سماجی مساوات کا نمونہ بنا کر دکھائیں۔ ایک اسلامی اور جمہوری دستور کے نفاذ کے بعد بھی یہاں عدل و انصاف کا دور دورہ نہ ہوا، اتحاد کی جگہ انتشار، معاشی انصاف کی جگہ ظلم و استحصال، اتفاق و تعاون کی جگہ طبقاتی کشمکش، غربت، افلاس اور اخلاقی خرابیاں باقی رہیں، تو نہ ہم پاکستان کے وقار کو بلند کر سکیں گے اور نہ دوسری قوموں کے سامنے اسلام کی ترجمانی کر سکیں گے۔ آئین کا جشن مناتے ہوئے ہمیں اس بھاری ذمہ داری کو بھی سمجھنا چاہیئے اور اپنے قومی کردار کو ان مقاصد اور اصولوں سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے جو ہمارے نئے آئین کا اب ایک حصہ بن چکے ہیں۔

• بیروت پر حملہ

مصر اور شام کے بعد اب لبنان کی بین الاقوامی بندرگاہ اور اس کی مشہور بستی بیروت بھی اسرائیلی چھاپہ ماروں کی زد میں آ گئی۔ بحیرہ روم کا مشرقی ساحل جو اسرائیل کے شمال میں ہے۔ اب تک اسرائیل کی چیرہ دستیوں سے محفوظ تھا۔ لیکن اب ان کا دامن ہوس دراز ہوتا جا رہا ہے۔ عرب تعداد میں اسرائیل سے بہت زیادہ ہیں۔ لاکھوں کے مقابلے میں کروڑوں ہیں۔ وسائل و ذرائع کی ان کے پاس کمی نہیں۔ دولت میں بھی وہ پیچھے نہیں۔ اس کے باوجود ایک چھوٹی سی منظم قوم کے مقابلے میں ہر جگہ اس لئے مار کھا رہے ہیں کہ خود غیر منظم ہیں۔

پاکستان نے اسرائیل اور عربوں کے تنازعہ کے سلسلہ میں ہمیشہ عربوں کے موقف کی حمایت کی ہے اور کرتا رہے گا۔ لیکن بیروت پر اسرائیلی چھاپہ ماروں کے حملے میں خود پاکستان کے لئے بھی ایک لمحۂ فکریہ ہے کہ اس کا ہمسایہ دشمن بھارت پاکستان سے کہیں زیادہ آبادی، رقبہ اور ذرائع و وسائل کا مالک ہے اور اس کی جوع الارض برابر بڑھتی جا رہی ہے۔ مشرقی پاکستان کے بعد اب اس نے سکم پر بھی قبضہ جما لیا ہے۔ پاکستان کو اس پر گہری نگاہ رکھنے کی ضرورت ہے کہ بہرحال پاکستان اس کے مقابلے میں ایک چھوٹا ملک ہے اور محض اتحاد، ایثار اور یکجہتی کے بل پر ہی اپنی حفاظت اور اپنے وجود کی ضمانت حاصل کر سکتا ہے۔ اگر ہم بھی عربوں کی طرح نفاق، انتشار کا شکار رہے اور ایک قوم بننے کی بجائے چار قومیتوں کے چکر میں پھنسے رہے تو بھارت کے لئے سکم کی طرح ہماری کسی ایک قومیت کو زیر دام لانا مشکل نہیں ہوگا۔ اور ایک کے بعد دوسری قومیت کی باری آ سکتی ہے۔ ہمیں یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ ہم ایک مضبوط و منضبط قوم کی حیثیت میں ہی زندہ رہ سکتے ہیں۔

جشنِ آئین

انعام درانی

حلوہ سوجی کا پکایا جائے
ہم فقیروں کو کھلایا جائے

چپے چپے کو سجایا جائے
بقعۂ نور بنایا جائے

پودا وحدت کا لگایا جائے
اُسے پروان چڑھایا جائے

روشنی اس کی ہو دائم قائم
دیپ اس طرح جلایا جائے

کھیت کھلیان میں گلیاروں میں
گیت پیارا کوئی گایا جائے

جھنگ ملا ڈال کے میلہ رنگین
ہو جمالو سے رچایا جائے

عقل کا جرم نہ سرزد ہو کوئی
ہوش سے دل کو بچایا جائے

جھوم اٹھے دیس کی سوہنی دھرتی
ذرے ذرے کو نچایا جائے

خواب غفلت میں رہیں جو مدہوش
اُن امنگوں کو جگایا جائے

سو رہے ہیں جو مسافر ان کو
گدگدی کر کے اٹھایا جائے

جب وہ بیدار ہوں آنکھیں مل کر
جلوہ منزل کا دکھایا جائے

قافلہ منزلِ مقصود کی سمت
تیز رفتار بڑھایا جائے

رات دم توڑ چکی ہے یارو
نورِ خورشید منگایا جائے

جو بھی روٹھا ہوا بیٹھا ہو کہیں
پیار سے اُسکو بلایا جائے

پھر بھی ناراض کوئی ہو تو اُسے
ڈال کر باہیں منایا جائے

سرمۂ نور نظر خاکِ وطن
اسے آنکھوں سے لگایا جائے

ایسا ماحول ہو ہر فرد کہے
ایسی جنت میں سمایا جائے

روگ تھا جن کا نفاق اب اُنکو
درس توحید پڑھایا جائے

ایسی حالات میں ہو تاب و تواں
تلخ ماضی کو بھلایا جائے

جو خرابات تھے مسمار ہوئے
اِک نیا قصر بنایا جائے

جسکی رفعت پہ جہاں رشک کرے
ایسا مینارا اٹھایا جائے

گھونٹ کڑوا کوئی ملجائے ہمیں
کوک بچوں کو پلایا جائے

قید پیمانہ و ساغر نہ رہے
آج مٹکا ہی لنڈھایا جائے

آج جی جان لگا کر انعام
جشنِ آئین منایا جائے

قائد اعظم نے فرمایا



میرا ایمان ہے کہ ہماری نجات اسوۂ حسنہ پر چلنے میں ہے جو ہمیں قانون عطا کرنے والے پیغمبر اسلام نے ہمارے لیے بنایا ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم اپنی جمہوریت کی بنیادیں صحیح معنوں میں اسلامی تصورات و اصولوں پر رکھیں۔

۱۴۔ فروری ۱۹۴۸ء

بہ [illegible] بہار
اگرچہ گلشن کے پتے زرد ہو رہے ہیں

(فرمانِ [illegible])

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو
کینیڈا

جلد ۲ شمارہ ۴ | ۲۸ ربیع الاول ۱۳۹۳ھ ، ۱ر مئی ۱۹۷۳ء | ۱۵ر سینٹ

پاکستان اور بھارت کے درمیان تعطل ختم ہو گیا۔

اب دونوں ملکوں کے درمیان مذاکرات دوبارہ شروع ہو نگے، بھارتی دوستوں کے پاکستان آنے پر فوراً معاہدہ نہ ہو تب بھی یہ صحیح سمت میں آغاز ہوگا:

عزیز احمد

وزیرِ مملکت کا ٹیلیویژن انٹرویو

الطاف گوہر رہا کر دیئے گئے

کراچی (پ پ) ... الطاف گوہر کے خلاف مقدمہ واپس لے لیا گیا ہے ... جس کے تحت ... الطاف گوہر کراچی جیل سے رہا کر دیئے گئے

پیر کو پریذیڈنسی راولپنڈی میں پاکستان و عراق کے مشترکہ اعلامیہ پر پاکستان کی جانب سے عزیز احمد وزیر مملکت برائے دفاع و امور خارجہ اور عراق کی جانب سے عراقی وزیر تعلیم ڈاکٹر احمد عبد الستار الجواری دستخط کر رہے ہیں۔

جنگی قیدیوں کی رہائی کے لئے بنگلہ دیش تسلیم کرنے کی شرط ختم

بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی شرط ختم کرانے کا سہرا پاکستانی عوام کے سر ہے

راولپنڈی (اے پی پ) پاکستان اور بھارت کے درمیان جو تعطل پیدا ہو گیا تھا وہ ختم ہو چکا ہے اور اب دونوں ملکوں کے درمیان بات چیت دوبارہ شروع ہو گی۔ یہ بات وزیر مملکت برائے دفاع و امور خارجہ مسٹر عزیز احمد نے اپنے ایک ٹیلیویژن انٹرویو میں کہی جو آج رات ٹیلیویژن کے تمام اسٹیشنوں سے ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔ مسٹر عزیز احمد نے کہا اب جب بھارتی دوست یہاں آئیں گے تو ہو سکتا ہے کہ فوری طور پر کوئی معاہدہ نہ ہو تاہم مجھے یقین ہے کہ ہم بالآخر صحیح سمت میں آگے بڑھنے کا آغاز کریں گے۔ انہوں نے کہا پاکستانی جنگی قیدیوں کے مسئلہ کے حل کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ... سب سے پہلے پاکستان بنگلہ دیش کو تسلیم کرے ... دور ہو چکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا میرے خیال میں یہ ایک بڑا قدم ہے ...

بیرونِ ملک مقیم پاکستانی کار درآمد کر سکیں گے

اسلام آباد (اے پ) وزارت تجارت کے ایک پریس نوٹ کے مطابق حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ کوئی بھی پاکستانی جو چھ ماہ یا اس سے زائد عرصے سے بیرونِ ملک مقیم رہ چکا ہو پاکستان واپسی پر اپنے ذاتی سامان کے حصے کے طور پر ایک کار درآمد کر سکتا ہے جو اس نے بیرونِ ملک اپنی جائز آمدنی سے خریدی ہو۔

پاکستانی جنگی قیدیوں پر مقدمات چلانا انتہائی اشتعال انگیز کارروائی ہوگی

پاک فوج دفاعِ وطن کے لیے لڑی تھی : میاں طفیل محمد

لاہور (...) امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد نے بھارت اور بنگلہ دیش کے مشترکہ اعلامیہ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے جنگی قیدیوں پر مقدمہ چلانا ایک اشتعال انگیز کارروائی ہوگی۔ ...

یحییٰ خاں کی نظربندی کی مدت میں توسیع

لندن (ریڈیو رپورٹ) بی بی سی نے ... کے حوالے سے بتایا ہے کہ پاکستان کے سابق صدر جنرل یحییٰ خان کی نظربندی کی مدت میں ... توسیع کر دی گئی ہے۔

کراچی سے دفعہ ۱۴۴ ہٹالی گئی

کراچی (...) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کراچی نے ضلع کراچی سے فوری طور پر دفعہ ۱۴۴ ہٹانے کا اعلان کیا ہے۔ یہ بات آج رات ایک سرکاری اعلامیہ میں بتائی گئی۔

دنیا کو نئے پاکستان کی جدوجہد سے روشناس کرایئے

ریڈیو کی عالمی سروس کے آغاز پر بیرونِ ملک بسنے والے پاکستانیوں کو صدر بھٹو کا پیغام

راولپنڈی ۔ ۱۱ر اپریل (پ پ/اے پ) صدر بھٹو نے بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانیوں سے کہا ہے کہ وہ جس ملک میں بستے ہیں وہاں کے لوگوں کے سامنے نئے پاکستان کی صحیح اور واضح تصویر پیش کرنے کیلئے کام کریں اور دنیا کو اس نئے پاکستان کی جدوجہد سے روشناس کرائیں ... ریڈیو پاکستان کی عالمی سروس کا افتتاح کرتے ہوئے بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں سے خطاب کر رہے تھے۔ ...

بیرونی دنیا میں نئے پاکستان کی واضح تصویر پیش کرنے میں حکومت کا ساتھ دیں۔ اس عالمی سروس کے آغاز کا مقصد بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کو پاکستان کے حالات سے باخبر رکھنا اور غیر پاکستانی سننے والوں کے سامنے پاکستان کا نقطۂ نظر پیش کرنا ہے۔ ...

پاکستان میں ایک لاکھ ۷۰ ہزار بنگالی ہیں

اسلام آباد (اے پ پ) آج یہاں محکمہ خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی کے تخمینے کے مطابق پاکستان میں اگر رہنے والے بنگالیوں کی تعداد تقریباً ایک لاکھ ۷۰ ہزار ہے۔ ترجمان نے کہا کہ اس سے پیشتر یہ خیال کیا جاتا تھا کہ پاکستان میں تین لاکھ سے زیادہ بنگالی مقیم ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ حکومت ایک ہزار بنگالی طالب علموں کو اسکالر شپ دینے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔

کراچی کے ہوائی اڈے کا نام جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ رکھا جائے گا

لاہور کے اڈے کا نام اقبال ایئرپورٹ اور اسلام آباد لیاقت ہوائی اڈہ کہلائے گا



کراچی (نمائندہ خصوصی) پاکستان کی حکومت ایک تجویز پر غور کر رہی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ پاکستان کی طیارہ گاہوں کا نام پاکستان کے ممتاز لیڈروں کے ناموں سے معنون کئے جائیں۔ اگر یہ تجویز منظور کر لی گئی تو کراچی ایئرپورٹ کا نام جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور لاہور کے ہوائی اڈے کا نام اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور اسلام آباد کے ہوائی اڈے کا نام لیاقت انٹرنیشنل ...